حضرت مفتی محمد ظفیر الدین مفتاحی

مفتی محمد ظفیر الدین مفتاحی کی پیدائش 7/مارچ 1926ء کو ضلع دربھنگہ بہار میں ہوئی اور وفات 31/مارچ 2011ء کو ہوئی۔ ابتدائی تعلیم مدرسہ محمودیہ راجپور نیپال میں ہوئی، ثانوی تعلیم مدرسہ وارث العلوم چھپرہ بہار میں اور اعلیٰ تعلیم جامعہ مفتاح العلوم مئو یوپی میں ہوئی۔

آپ کے ممتاز اساتذہ میں مولانا عبدالرحمٰن (امیر شریعت خامس)، مولانا عبداللطیف نعمانی اور ابوالمآثر مولانا حبیب الرحمٰن اعظمیؒ ہیں۔

مفتاح العلوم سے فراغت کے بعد وہیں معین مدرس ہوئے، پھر معدن العلم نگرام لکھنؤ، تعلیم الدین ڈابھیل اور دارالعلوم معینیہ سانحہ ضلع بیگوسرائے میں درس وتدرس میں مشغول رہے۔

1956ء میں حضرت قاری محمد طیب صاحبؒ نے دارالعلوم دیوبند میں بحیثیت لائبریرین مقرر فرمایا، اسی عرصہ میں آپ نے فتاوی دارالعلوم کی بارہ جلدیں مرتب کیں۔

انہیں خدمات اور خوبیوں کی بنا پر ارکان شوریٰ نے دارالافتاء دارالعلوم میں بحیثیت مفتی مقرر کیا، آپ نے دارالعلوم میں 55 سال شاندار خدمات انجام دیں، دارالافتاء میں ایک لاکھ فتاوی لکھ کر ریکارڈ قائم کیا۔

تصانیف:

آپ نے جوانی سے آخری عمر تک تصنیف وتالیف سے خاص شغل رکھا، اس لئے آپ کے قلم سے پچاس سے زائد کتابیں وجود میں آئیں، جن میں سے بعض کا دوسری عالمی زبانوں میں ترجمہ بھی ہوا۔

صدارت اکیڈمی:

حضرت قاضی مجاہد الاسلام قاسمیؒ کی وفات کے بعد جب حیدرآباد میں انتخابی اجلاس ہوا تو جون 2004 میں بہ اتفاق رائے آپ اسلامک فقہ اکیڈمی کے صدر منتخب ہوئے اور 2011ء تا حیات صدر رہے۔

☆☆☆